پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

29/11/2021

ضلع لکھیم پوری کھیری میں دلہی سائفن کے ڈاؤن اسٹریم میں مخدوش تلی وغیرہ کی مرمت کے لیے 222.50 لاکھ روپئے کی رقم منظور

لکھنؤ: 29 نومبر 2021

محکمہ آبپاشی و آبی وسائل کے ذریعہ ضلع لکھیم پور کھیری میں نہر کے دلہی سائفن کے ڈاؤن اسٹریم میں 11.630 سے 11.700 کے توسط سے مخدوش تلی اور کناروں کی تجدید کاری کی اسکیم کے مجوزہ رقم 246.16 لاکھ روپئے کے مقابلہ 222.50 لاکھ روپے رواں اسکیم کے باقی کاموں پر خرچ کے لیے جاری کیے جانے کی منظوری دی گئی ہے۔

اس ضمن میں اسپیشل سکریٹری جناب مشتاق احمد کی جانب سے 29 نومبر 2021 کو ضروری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اس اسکیم کے لیے جاری کی گئی رقم سے کرائے گئے کاموں سے متعلق چیف انجینئر کے ذریعہ مقامی معائنہ کر فوٹو گرافس نیز جاری کی گئی رقم ٹریزری سے نکالنے کا تصدیق نامہ وغیرہ کی اطلاع حکومت کو مہیا کرانا ہوگا۔

اس کے علاوہ اسکیم کا تعمیری کام بروقت مکمل کرانے کے ساتھ ہی رقم خرچ کرتے وقت حکومت کے ذریعہ وقتاً فوقتاً جاری حکم ناموں پر عمل ضروری طور پر کیا جائے۔ رقم کا خرچ منظور اسکیموں پر ہی کیا جائے۔ ایسا نہ کیے جانے پر کسی طرح کی بے ضابطگی ہونے پر اس کی تمام جوابدہی محکمہ کی ہوگی۔ منظور رقم کا استعمال منظور اسکیموں پر ہی کیا جائے۔ ایسا نہ کیے جانے پر کسی طرح کی بے ضابطگی ہونے کی تمام جوابدہی محکمہ کی ہوگی۔

☆☆☆☆☆